# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 6th April, 2026 at 5:00 p.m.

1. *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

2. Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

3. **SYED NAVEED QAMAR**, **SHAZIA MARRI**, **MS. SEHAR KAMRAN**, **MIRZA IKHTIAR BAIG**, **MR. MUHAMMAD SHAHARYAR KHAN MAHAR** to invite attention of the Minister for Power to a matter of urgent public importance regarding drastic change in net metering policy for solar prosumers and decision to propose 18% tax on solar panels, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILLS**

4. **KHAWAJA MUHAMMAD ASIF,** Minister for Defence, to introduce a Bill to amend the Pakistan Air Safety Investigation Act, 2023 [The Pakistan Air Safety Investigation (Amendment) Bill, 2026].

5. **MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to introduce a Bill further to amend the Special Economic Zones Act, 2012 [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026].

**LEGISLATIVE BUSINESS**

6. **Consideration** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, on 2nd April, 2026:-

"That the Bill to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002 [The National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

7. **MR. AURANGZEB KHAN KHICHI,** Minister for National Heritage and Culture, to move that the Bill to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002 [The National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) (Amendment) Bill, 2026], be passed.

8. **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to move that the Bill further to amend the Standard Time (Interpretation of References) Ordinance, 1943 [The Standard Time (Interpretation of References) (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

9. **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to move that the Bill further to amend the Standard Time (Interpretation of References) Ordinance, 1943 [The Standard Time (Interpretation of References) (Amendment) Bill, 2026], be passed.

10. **SENATOR AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2026], (Sections 3, 10A, 11A, 15 and 19) as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

11. **SENATOR AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2026], be passed.

12. **MR. MUHAMMAD JUNAID ANWAAR CHAUDHRY,** Minister for Maritime Affairs, to move that the Bill to facilitate and implement Hong Kong International Convention for the Safe and Environmentally Sound Recycling of Ships, 2009, by effectively addressing environmental, occupational health and safety risks related to ship recycling, and to ensure hazardous waste from such ship recycling is subject to environmentally sound management in sustainable way [The Environmentally Sound Management of Inventory of Hazardous Material on Ships Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

13. **MR. MUHAMMAD JUNAID ANWAAR CHAUDHRY,** Minister for Maritime Affairs, to move that the Bill to facilitate and implement Hong Kong International Convention for the Safe and Environmentally Sound Recycling of Ships, 2009, by effectively addressing environmental, occupational health and safety risks related to ship recycling, and to ensure hazardous waste from such ship recycling is subject to environmentally sound management in sustainable way [The Environmentally Sound Management of Inventory of Hazardous Material on Ships Bill, 2026], be passed.

## PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES

14. **MR. FATEH ULLAH KHAN,** Chairman Standing Committee on Defence to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

15. **MALIK MUHAMMAD AAMIR DOGAR,** Chairman Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

16. **MS. NOSHEEN IFTIKHAR,** Chairperson, Standing Committee on Human Rights, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

17. **SYED MUSTAFA MEHMOOD,** Chairman Standing Committee on Energy (Petroleum Division), to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## MOTION OF THANKS

18. **Discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, on 30th March, 2026:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 2nd March, 2026."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

19. Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

20. **MS. ALIYA KAMRAN** to invite attention of the Minister for Finance and Revenue to a matter of urgent public importance regarding the shortfall in tax revenue during the first eight months of the current financial year, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**5th April, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۶/اپریل، ۲۰۲۶ء شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **سید نوید قمر** **شازیہ مری** **محترمہ سحر کامران** **مرزا اختیار بیگ**

**جناب محمد شہریار خان مہر** وزیر برائے بجلی کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو سولر پروزیومرز کے لئے نیٹ میٹرنگ پالیسی میں غیر معمولی تبدیلی اور سولر پینلز پر ۱۸ فیصد ٹیکس تجویز کرنے کے فیصلے سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **خواجہ محمد آصف**، وزیر برائے دفاع، پاکستان ایئر سیفٹی انویسٹی گیشن ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ایئر سیفٹی انویسٹی گیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **جناب قیصر احمد شیخ**، وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ، خصوصی اقتصادی زونز ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [خصوصی اقتصادی زونز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۶۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۲/اپریل، ۲۰۲۶ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔

"کہ قومی ادارہ برائے عوامی وروایتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی ادارہ برائے عوامی و روایتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔"

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۷۔ **جناب اورنگزیب خان کھچی**، وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت تحریک پیش کریں گے کہ قومی ادارہ برائے عوامی و روایتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی ادارہ برائے عوامی وروایتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۸۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) آرڈیننس، ۱۹۴۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۹۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) آرڈیننس، ۱۹۴۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۱۰۔ **سینیٹر احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور اور عملہ، تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] (دفعات ۳، ۱۰/الف، ۱۱/الف، ۱۵/اور ۱۹) قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۱۔ **سینیٹر احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور اور عملہ، تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۱۲۔ **جناب محمد جنید انوار چوہدری**، وزیر برائے بحری امور تحریک پیش کریں گے کہ بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ سے متعلق ماحولیاتی، پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی خطرات سے مؤثر طور پر نمٹتے ہوئے بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحول دوست ری سائیکلنگ کی بابت ہانگ کانگ بین الاقوامی معاہدہ، ۲۰۰۹ء کے لیے سہولت فراہم کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے نیز بحری جہازوں کی مذکورہ ری سائیکلنگ سے پیدا ہونے والے خطرناک فاضل مادوں کا ماحول دوست مستقل انتظام یقینی بنانے کا بل [بحری جہازوں کے خطرناک مواد کا ماحول دوست انتظام بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۳۔ **جناب محمد جنید انوار چوہدری**، وزیر برائے بحری امور تحریک پیش کریں گے کہ بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ سے متعلق ماحولیاتی، پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی خطرات سے مؤثر طور پر نمٹتے ہوئے بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحول دوست ری سائیکلنگ کی بابت ہانگ کانگ بین الاقوامی معاہدہ، ۲۰۰۹ء کے لیے سہولت فراہم کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے نیز بحری جہازوں کی مذکورہ ری سائیکلنگ سے پیدا ہونے والے خطرناک فاضل مادوں کا ماحول دوست مستقل انتظام یقینی بنانے کا بل [بحری جہازوں کے خطرناک مواد کا ماحول دوست انتظام بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

## قائمہ کمیٹیوں کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۱۴۔ **جناب فتح اللہ خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۵۔ **ملک محمد عامر ڈوگر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۶۔ **محترمہ نوشین افتخار**، چیئرپرسن، قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۷۔ **سید مصطفی محمود**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (پیٹرولیم ڈویژن)، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۱۸۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۳۰ مارچ، ۲۰۲۶ء کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر بحث:-

''یہ ایوان ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔''

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

**۱۹۔** قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۲۰۔** **محترمہ عالیہ کامران** وزیر برائے خزانہ و محاصل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو رواں مالی سال کے پہلے آٹھ مہینوں کے دوران ٹیکس ریونیو میں کمی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۵/اپریل، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**
**قائم مقام سیکرٹری**